
(دینی مدارس ومکاتب کے بچے اور بچیوں کے لیے دین کی ضروری معلومات)

ابتدائی دینیات



تقریظات

فقیہ الاحناف حضرت مولانا مفتی

مجد القدوس خبیب رومیؔ صاحب مدظلہ

(صدر مفتی مدرسہ عربی مظاہر علوم سہارنپور ومفتی شہر آگرہ)

حبیب الامت حضرت مولانا

سید حبیب احمد صاحب باندوی

(ناظم جامعہ عربیہ ہتھورہ ضلع باندہ یوپی)

عالمِ باکمال حضرت مولانا

مفتی اقبال احمد صاحب قاسمی

(صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ عربیہ مظہر العلوم بیکن گنج کانپور یوپی)

مرتب

محمد بدرِ عالم جالونی

ناشر

مکتبہ شیخ العالم

نزد جامعہ فاروقیہ بشیر العلوم اورئی ضلع جالون یوپی (الہند)

موبائل نمبر 9451350004

تقریظ

فقیہ الاحناف حضرت مولانا مفتی مجد القدوس خبیب رومؔی صاحب مدظلہ

(صدر مفتی مدرسہ عربی مظاہر علوم سہارنپور و مفتی شہر و امام و خطیب شاہی عیدگاہ آگرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم اما بعد!

اس وقت ہر چہار طرف کفر و شرک، دہریت و ردّت، الحاد و زندقہ، بدعت و معصیت، جہالت و حماقت کا شیوع ہے، قیامت کی علاماتِ وُسطی اپنی انتہا کو پہنچ رہی ہیں، ایسے شرور و فتن کے دورِ ظلمت بلکہ ظلمات بعضھا فوق بعض کی صورت میں جبکہ اپنے ''ایمانیات'' ہی کی سلامتی دشوار ہو رہی ہو، دوسروں کے تحفظ دین و مذہب، افہامِ شریعت و سنت، ترغیبِ خیر، ترہیبِ شر کے لیے علم و ہدایت کے چراغ روشن کرنا بے شک و شبہ انتہائی ضروری اور مفید اور موجب اجر و ثواب ہے۔

عزیزِ گرامی ! حافظ، مولوی، مفتی محمد بدرِ عالم جالونی سلمہٗ کو حق تعالیٰ شانہٗ جزائے خیر عطا فرمائے کہ انہوں نے دینی مکاتب کے بچوں اور بچیوں کے لیے عموماً، اور اپنے مدرسہ ''جامعہ فاروقیہ بشیر العلوم'' اورئی کے لیے خصوصاً ''ابتدائی دینیات'' کے زیرِ عنوان ایک مختصر کتابچہ مرتب کیا ہے، تاکہ مسلم بچوں کو ''خالص ایمانیات'' ان کی گھٹی میں پلائی جا سکے، اللہ تعالیٰ عزیز موصوف سلمہٗ کی اس کوشش و کاوش کو شرفِ قبول سے نوازے، آمین بجاہ النبی الامین.

وصلى الله تعالى على خير خلقه سيدنا و مولانا محمد واله واصحابه واتباعه اجمعين وسلم تسليما كثيرا.

[illegible] عفا اللہ عنہ
مفتی [illegible] العلوم [illegible]
مفتی شہر [illegible]
۲ [illegible] شعبان المعظم [illegible]
یوم الخمیس بعد الفجر